## سیلاب متاثرین کو وبائی امراض سے بچانے والی ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کریں
## فارماسوٹیکل کمپنیوں کے مالکان سے الطاف حسین کی دردمندانہ اپیل
## متاثرین سیلاب کو غذا اور پانی کے ساتھ ساتھ وبائی امراض سے تحفظ اور جان بچانے والی ادویات کی اشد ضرورت ہے
## سیلاب کی تباہ کاریاں پوری قوم کیلئے سخت آزمائش کی گھڑی ہے، مصیبت زدہ بھائیوں کی ہر ممکن مدد کی جائے

لندن۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کی تمام فارماسوٹیکل کمپنیوں کے مالکان سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب سے متاثرہ لاکھوں خاندانوں کیلئے وبائی امراض سے بچاؤ اور جان بچانے والی ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کریں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہولناک سیلاب کے باعث پورا ملک سیلاب کی لپیٹ میں ہے، قدرتی آفت میں سینکڑوں افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، پوری کی پوری بستیاں، کھڑی فصلیں، مال مویشی اور کروڑوں افراد کے گھر سیلابی پانی میں بہہ چکے ہیں اور کروڑوں خاندان کھلے آسمان تلے پانی اور غذا جیسی بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیلابی پانی میں مردہ مویشیوں اور انسانی لاشوں کے باعث ملک بھر میں وبائی امراض پھوٹ رہے ہیں اور وبائی امراض کے باعث متعدد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں اور اس وقت متاثرین سیلاب کو غذا اور پانی کے ساتھ ساتھ وبائی امراض سے تحفظ اور جان بچانے والی ادویات کی اشد ضرورت ہے۔انہوں نے فارماسوٹیکل کمپنیوں کے مالکان سے انتہائی دردمندانہ اپیل کی کہ وہ مصیبت زدہ خاندانوں کی دل کھول کر مدد کریں، متاثرین کیلئے بڑی تعداد میں ہیضہ، جلد، آنکھوں اور پیٹ کے امراض سے بچاؤ، جان بچانے والی ادویات اور وبائی امراض سے بچاؤ کی دیگر ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو عطیہ کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سیلاب کی تباہ کاریاں پوری قوم کیلئے سخت آزمائش کی گھڑی ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ مخیّر حضرات بالخصوص ادویات بنانے والی کمپنیوں کے مالکان مصیبت زدہ بھائیوں کی ہر ممکن مدد کریں۔

## سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے جاگیردار اور وڈیرے اپنی تجوریوں کے منہ کھولیں، رابطہ کمیٹی

لندن۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے جاگیردار اور وڈیرے اپنی تجوریوں کے منہ کھولیں۔رابطہ کمیٹی نے بعض جاگیرداروں اور وڈیروں کی جانب سے اپنی زمینیں بچانے کیلئے سیلابی پانی کا رخ آبادیوں کی جانب موڑنے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس وقت پورا ملک سیلاب کی تباہ کاریوں سے متاثر ہے اور اس مشکل گھڑی میں متاثرین کی مدد کرنا سب سے بڑی عبادت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ سفاکیت کی انتہاء ہے کہ دکھی انسانیت کی مدد کرنے کے بجائے جاگیردار اور وڈیرے اپنی زمینیں بچانے کیلئے سیلابی پانی کا رخ آبادیوں کی جانب موڑ رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ زمینیں بچانے کیلئے سیلابی کا رخ آبادی کی جانب موڑنے والے جاگیرداروں اور وڈیروں کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے جاگیرداروں اور وڈیروں کی جانب سے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ جاگیردار اور وڈیرے اپنی تجوریوں کے منہ کھولیں اور سیلابی پانی کا رخ آبادیوں کی جانب موڑنے کے بجائے متاثرہ خاندانوں کی دل کھول کر مالی مدد کریں۔

## جرمنی کے صحافی کا خدمت خلق فاؤنڈیشن میں لگائے مرکزی کیمپ کا دورہ

کراچی۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے قائم کئے گئے مرکزی امدادی کیمپ کا گزشتہ روز جرمنی کے صحافی نے دورہ کیا۔اس موقع پر انکے ہمراہ وزیراعلیٰ سندھ کے حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن بھی موجود تھے۔اس دوران انہوں نے سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلے مصروف ایم کیو ایم کے رضا کاروں اور کارکنوں سے ملاقات کی اور امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔ بعدازاں انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کی جانب سے سیلاب زرگان کیلئے کی جانیوالی امدادی سرگرمیاں عملی اور قابل تعریف ہیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کا لطیف آباد کے مختلف مقامات پر دریائے سندھ کے بچاؤ بند اور پنہور گوٹھ میں ایم کیوایم کے فلڈ مانیٹرنگ کیمپوں کا دورہ

## ڈاکٹر فاروق ستار کا ایم کیوایم کے زیر اہتمام نور محمد ہائی اسکول میں قائم کردہ ریلیف کیمپ کا دورہ، جیکب آباد سے آنے والے متاثرین میں امدادی سامان تقسیم کیا

حیدرآباد۔۔۔16 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے لطیف آباد نمبر 4، 5، 10، 11 کے مقامات پر دریائے سندھ کے بچاؤ بند اور پنہور گوٹھ میں ایم کیوایم کے فلڈ مانیٹرنگ کیمپوں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے ڈاکٹر فاروق ستار کو بتایا کہ ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان حیدرآباد، لطیف آباد اور قاسم آباد کو بچانے کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت بچاؤ بند کے پشتوں کو مضبوط کرنے کیلئے پتھروں کے علاوہ ریت کی ہزاروں بوریاں لگانے میں کئی روز سے مصروف ہیں۔ اسکے علاوہ حیدرآباد میں ایم کیوایم کی جانب سے مختلف مقامات پر 50 ریلیف کیمپ بھی قائم کئے گئے ہیں جہاں متاثرین کے کھانے پینے کی اشیاء اور ضروری ادویات کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے زیر اہتمام نور محمد ہائی اسکول میں قائم کردہ ریلیف کیمپ کا بھی دورہ کیا اور وہاں جیکب آباد کے علاقے ٹھل سے آنے والے متاثرین میں امدادی سامان تقسیم کیا۔ انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ان کی ہر ممکن مدد کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ اس موقع پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان جس طرح رات دن امدادی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم زبانی وکلامی دعوں پر نہیں بلکہ عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے حفاظتی پشتوں کو مضبوط بنانے اور دیگر امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک، اراکین اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی ندیم احمد، رشید بھیا، حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف، اراکین زونل کمیٹی محمد فاروق، راشد خلجی، صلاح الدین، حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان ارکان قومی وصوبائی اسمبلی بھی ڈاکٹر فاروق ستار کے ہمراہ تھے۔

## حیدرآباد اعلیٰ ثانوی بورڈ کے تحت انٹر میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء طالبات کو اے پی ایم ایس او کی مبارکباد

حیدرآباد۔۔۔16، اگست 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے حیدرآباد اعلیٰ ثانوی بورڈ کے تحت انٹر پری میڈیکل، پری انجینیئر نگ اور جنرل گروپ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ مرکزی کابینہ نے اپنے مشترکہ بیان میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات مبارکباد دیتے ہوئے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات لائق تحسین ہیں کہ والدین اور اساتذۂ کرام جو اپنے بچوں کو علم کی راہ پر گامزن کرتے ہیں اور قابلِ فخر ہیں وہ طلبہ جو اپنی علمی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر ملک وقوم کی خدمت کرتے ہیں۔ مرکزی کابینہ نے کہا کہ معا شرے میں موجود برائیوں کا خاتمہ کرنے کیلئے ضروری ہے کہ طلبہ اپنا اہم کردار ادا کریں اس سلسلے میں طلبہ کو چاہئے کہ وہ جدید تعلیم کے حصول کیلئے انتھک محنت ولگن سے جدوجہد کریں اور دنیا بھر میں اپنے ملک کا نام روشن کریں۔

## ایم کیوایم ملتان زون میں نماز استغفار ادا کی گئی اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں

ملتان۔۔۔16، اگست 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے نماز استغفار ادا کی گئی اور خصوصی دعائیں کی گئیں۔ نماز استغفار میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا، ایم کیوایم ملتان زون کے زونل انچارج کرامت علی شیخ، اراکین اور ڈسٹرکٹ انچارجز سمیت کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات، غیب سے مدد، رحمتوں کے نزول اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن معمار سیکٹر یونٹ B-33 کے کارکن کفیل ہاشمی کے والد سید مبارک اللہ ہاشمی، گلشن معمار سیکٹر یونٹ معمار کے کارکن محمد ذیشان کے والد محمد معظم حسین، اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن یاسر کی ہمشیرہ محترمہ ثمرہ پروین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں پر مشتمل ایک طبی ٹیم سیلاب زدگان کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سکھر روانہ کردی گئی
## طبی ٹیم سکھر کے مختلف علاقوں میں سیلاب زدگان کو وبائی امراض سے محفوظ رکھنے کیلئے خدمات انجام دے گی
## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد خانی اور اراکین رابطہ کمیٹی نے طبی ٹیم کے ارکان کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد سے رخصت کیا

کراچی۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹروں پر مشتمل ایک طبی ٹیم سیلاب زدگان کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سکھر روانہ کردی گئی ہے۔طبی ٹیم کو گزشتہ شب ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد سے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کے اراکین نے رخصت کیا۔طبی ٹیم میں مختلف امراض سے ماہر ڈاکٹرز شامل ہیں جو سیلاب زدگان کو وبائی امراض وبائی سے محفوظ رکھنے کیلئے سکھر کے سیلاب زدہ علاقوں میں اپنی خدمات انجام دیں گے۔ اس موقع پر طبی ٹیم میں شامل ڈاکٹروں سے گفتگو کرتے ہوئے انیس احمد قائم خانی نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور ایم کیوایم اسی نظریئے کے تحت سیلاب زدگان کی امداد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے اور انہیں امدادی سامان کے ساتھ ساتھ اب طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ بھی شروع کردیا گیا ہے تاکہ سیلاب زدگان کو وبائی امراض سے محفوظ رکھا جاسکے۔انہوں نے طبی ٹیم میں شامل ڈاکٹروں کو سیلاب زدگان کیلئے اپنی خدمات پیش کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کے جذبے کی تعریف کی۔

## حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی کا محمود آباد کے مروت پارک کا دورہ، سیلاب متاثرین میں کھانا، امدادی اشیاء تقسیم کی اور ادویات فراہم کیں

کراچی۔۔۔16، اگست 2010ء

ایم کیوایم کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی نے محمود آباد یوسی 3 میں واقع مروت پارک کا دورہ کیا اور یہاں اندرون سندھ کے سیلاب متاثرین میں کھانا، امدادی اشیاء تقسیم کی اور علاج معالجہ کیلئے بھاری مالیت کی ادویات ضروری ادویات فراہم کیں۔انہوں نے متاثرین سے کیمپوں میں جا کر ملاقاتیں کیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر سیلاب متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے رؤف صدیقی نے کہا کہ ایم کیوایم سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے ملک بھر میں سرگرم ہے اور اس سلسلے میں اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی کیمپوں پر عوام و مخیرّ حضرات بھی بڑی تعداد میں متاثرہ بھائیوں کیلئے دل کھول کر عطیات جمع کرا رہے ہیں۔سیلاب متاثرین نے امدادی اشیاء، کھانے اور ادویات کی فراہمی پر حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## سیلاب زدگان کی مدد کرنا ہمارا انسانی، اخلاقی، قومی اور مذہبی فریضہ ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے دورے کے موقع پر ایم کیو ایم کے کارکنوں اور رضاروں کاروں سے گفتگو

کراچی۔۔۔16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ سیلاب زدگان ہمارے بھائی ہیں اور ان کی مدد کرنا ہمارا انسانی، اخلاقی ،قومی اور مذہبی فریضہ ہے۔ان خیالات اظہار انہوں نے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر کے دورے کے موقع پر ریلیف کے اور پیکنگ کے کاموں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیو ایم کے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع ہونے والے امدادی سامان کا معائنہ کیا اور ریلیف اور پیکنگ کے کاموں میں مصروف ایم کیو ایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے ملاقات کر کے انہیں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش اور خراج تحسین پیش کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے سیلاب زدگان کی مدد کیلئے حق پرست ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور منتخب عوامی نمائندوں کو خصوصی ہدایت جاری کی ہے کہ وہ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے سیکٹرز اور یونٹ آفس کو عارضی طور پر امدادی کیمپ میں تبدیل کر دیں اور سیلاب زدگان کی زیادہ سے زیادہ مدد کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم سیلاب زدگان کی امداد کیلئے شبانہ روز خدمات انجام دے رہی ہے اور اس سلسلے میں مرکزی کیمپ سے اب تک 3 کروڑ روپے مالیت کی غذائی اجناس اور دیگر امدادی سامان سیلاب کے متاثرین میں تقسیم کیا جا چکا ہے جبکہ مزید کروڑ روپے مالیت کا امدادی سامان آئندہ چندروز میں روانہ کر دیا گیا جائے گا۔ڈاکٹر فاروق ستار مزید نے کہا کہ سیلاب زدگان ہمارے بھائی ہیں ان کی ہر ممکنہ مدد کی جائے گی، ہمارے دروازے ان کیلئے کھلے ہیں اور ضرورت پڑنے پر ہمارے گھر کے دروازے بھی ان کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔کیونکہ یہ ہمارا انسانی، اخلاقی ،قومی اور مذہبی فریضہ ہے۔

## ایم کیو ایم یو کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ہنگامی بنیادوں پر امدادی سامان جمع کرے گی

## ایم کیو ایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ

لندن۔۔۔16 اگست 2010ء

ایم کیو ایم برطانیہ کے تحت پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایک اجلاس ایم کیو ایم برطانیہ کے یونٹ آفس واقع ایجویئر میں منعقد کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کارکنان کو ایم کیو ایم کے تحت سیلاب زدگان کی امداد کے سلسلہ میں کی جانے والی کاوشوں سے آگاہ کیا اور ایم کیو ایم برطانیہ کے کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے سامان جمع کرنے کے سلسلہ میں ہنگامی بنیادوں پر پروگرام تشکیل دیں تاکہ زیادہ سے زیادہ سامان جمع کرکے سیلاب کے متاثرین تک پہنچایا جاسکے۔ڈاکٹر سلیم دانش نے برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی مدد کیلئے ایم کیو ایم کے ساتھ تعاون کریں اور غذائی اجناس، کپڑے، جوتے، کمبل، دوائیاں، خیمہ اور نقد رقوم ایم کیو ایم برطانیہ کے آفس فون نمبر 0208-9522522،0208-9599803 پر رابطہ کر کے جمع کرواسکتے ہیں۔

## مولانا مرزا یوسف حسین کے صاحبزادے مرزا خادم حسین کی شہادت پر الطاف حسین کی اظہارِ تعزیت

لندن۔۔۔ 16، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قاِء جناب الطاف حسین نے مولانا مرزا یوسف حسین کے صاحبزادے مرزا خادم حسین کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین سے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## سیلاب زدگان کی مدداورانہیں امدادبہم پہنچانے کیلئے ذمہ داران وکارکنان ایم کیوایم کے تمام زونل، سیکٹرزاور یونٹس آفسز کوعارضی طور پرکیمپس آفسز میں تبدیل کردیں،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام زونز،سیکٹرزاور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران اورحق پرست نمائندوں کوہدایت کی ہے کہ وہ سندھ سمیت ملک بھرمیں سیلاب سے متاثرہ عوام کی امدادکیلئے زیادہ سے زیادہ مقدارمیں غذائی اجناس ودیگرامدادی سامان اورنقدعطیات جمع کرکے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی کیمپ سکھراورحیدرآباد کے بیس کیمپوں میں پہنچائیں۔رابطہ کمیٹی نے مزیدکہاکہ کراچی میں ایم کیوایم کے تمام سیکٹرز و یونٹس آفس عارضی کیمپ آفسز میں تبدیل کرکے ذمہ داران و کارکنان اپنے اپنے علاقوں میں امدادی سامان جمع کریں اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی آفس میں جمع کروائیں۔انہوں نے کہاکہ اسی طرح اندرون سندھ ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتر حیدرآباد، میرپورخاص،نوابشاہ،سانگھڑ،ٹنڈوالہ یار،جامشورو،عمرکوٹ،ٹھٹھہ،بدین،لاڑکانہ،خیرپور،شکارپور،دادو،قمبرشہدادکوٹ،کشمور اورجیکب آباد کے علاوہ تمام سیکٹرز و یونٹس آفسز بھی کیمپ آفسز میں تبدیل کردیاجائے اورزیادہ سے زیادہ مقدارمیں امدادی سامان اورنقدعطیات جمع کرکے سیلاب زدگان کی بھرپورمددکی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مزیدکہاکہ کراچی اوراندرون سندھ کی طرح ذمہ داران وکارکنان صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے تمام ضلعی،زونل دفاتراورسیکٹرز و یونٹس آفسوں کو عارضی طور پرکیمپس میں تبدیل کردیں اورذمہ داران اپنے اپنے علاقوں میں امدادی سامان جمع کریں۔

## جامعہ سرسید کے کارکن کے والد کے انتقال پراے پی ایم ایس اوکا اظہارِافسوس

کراچی۔۔۔16،اگست2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او جامعہ سرسیّد کے کارکن عاطف شمیم کے والد شمیم احمد کے انتقال پردلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں مرکزی کابینہ نے مرحوم کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی اورمرحوم کے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطافرمائے۔

☆☆☆☆☆